Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Urdu) I Semester Examination - December - 2019

Paper - 3 - PHUR103DST : Ghair Afsanvi Adab

پرچہ: غیر افسانوی ادب

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. اختر الایمان کی سوانح عمری ''اس آباد خرابے میں'' کس رسالے میں قسط وار شائع ہوئی تھی۔

(a) شعر و حکمت (b) سوغات (c) شاعر (d) سب رس

ii. حیاتِ جاوید کو مدلل مداحی کس نے قرار دیا۔

(a) محمد حسین آزاد (b) محسن الملک (c) ڈپٹی نذیر احمد (d) شبلی نعمانی

iii. اردو کا پہلا با قاعدہ خاکہ کونسا ہے۔

(a) خافی خان (b) کندن (c) مولوی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی (d) نام دیو مالی

iv. ''دستنبو'' کس نوعیت کی کتاب ہے۔

(a) روزنامچہ (b) سوانح (c) سفرنامہ (d) خطوط کا مجموعہ

v. احمد نگر جیل کے سپرنٹنڈنٹ میجر ایم سینڈک کو مولانا آزاد نے کیا نام دیا تھا۔

(a) شیر خان (b) دلیر خان (c) چیتا خان (d) شمشیر خان

vi. ذیل میں کونسی تصنیف رشید احمد صدیقی کے انشائیوں کا مجموعہ ہے۔

(a) سنگ و خشت (b) خاکم بدہن (c) شگوفے (d) خنداں

vii. ''مسافرانِ لندن'' کس کا سفرنامہ ہے۔

(a) سرسید (b) شبلی (c) حالی (d) محمد حسین آزاد

viii. ''غبارِ خاطر'' مولانا آزاد نے کس کی ایما پر شائع کرائی تھی۔

(a) حبیب الرحمٰن خان شیروانی (b) مولوی محمد اجمل خاں (c) مولوی عبدالحق (d) مولانا حسرت موہانی

ix. ذیل میں کونسا مضمون پطرس بخاری کا نہیں ہے۔

(a) کتے (b) مرحوم کی یاد میں (c) لاہور کا جغرافیہ (d) مردہ بدست زندہ

x. سید احتشام حسین کے سفرنامے کا عنوان کیا ہے۔

(a) ریت اور سمندر (b) ساحل اور سمندر (c) سفر آشنا (d) زمین اور فلک

حصہ دوم

2. ''یادگارِ غالب کا مطالعہ صرف غالب کے سوانحی کوائف اور شخصیت سے ہی واقف نہیں کراتا بلکہ ان کے کلام کی تفہیم میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے'' تائید یا تردید میں مدلل بحث کیجیے۔

3. ''مولوی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی'' کے طرزِ اسلوب کا جائزہ لیجیے۔

4. غبارِ خاطر میں مولانا آزاد کے فلسفیانہ انداز پر روشنی ڈالیے۔

5. رشید احمد صدیقی کی خاکہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

6. پطرس بخاری کو خالص مزاح کا علمبردار کیوں کہا جاتا ہے۔

7. خواجہ حسن نظامی کی انشائیہ نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

8. جوش کی خودنوشت یادوں کی برات کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

9. ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔

(a) نام دیو مالی (b) کندن (c) اس آباد خرابے میں (d) اپنی تلاش میں

حصہ سوم

۱۔ افسانوی ادب اور غیر افسانوی ادب کے درمیان افتراقات و اشتراکات کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

۲۔ حالی کی سوانح نگاری پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔

۳۔ اردو میں سفرنامے کی روایت کا احاطہ کیجیے۔

۴۔ غالب کی مکتوب نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۵۔ غیر افسانوی ادب کی اہم اصناف کا تعارف کرائیے۔

☆☆☆